Text of Mid-Day Urdu News Bulletin

Time : 12:30/12:35 PM

Date : 08-07-2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

پی ایم انڈونیشیا

بھارت اور انڈونیشیا نے ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے ایسے چلینجوں سے بین الاقوامی قوانین کے تحت نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا ہے۔

جکارتا میں دو طرفہ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی اور انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto نے عالمی سطح پر دہشت گرد قرار دی گئی تنظیموں اور افراد کے خلاف فیصلہ کُن کارروائی پر زور دیا۔

پی ایم آسٹریلیا

وزیراعظم نریندر مودی آج آسٹریلیا کے 3روزہ دورے پر میلبورن پہنچ رہے ہیں۔ وزیراعظم اپنے آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب Anthony Albanese کے ساتھ بھارت آسٹریلیا سالانہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔

ایل جی مضمون

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شری امرناتھ جی یاترا محض ایک یاترا نہیں بلکہ ایک روحانی ریاض بھی ہے۔

روزنامہ دینک جاگرن کے آج کے قومی شمارے میں شایع میں اپنے ایک مضمون میں انہوں نے کہا کہ یہ یاترا ہندوستان کے روحانی شعور، ثقافتی ورثے اور انسانی اقدار کی زندہ علامت ہے۔ ایل جی نے یہ مضمون سوشل میڈیا پر شیئر کیا ہے۔

ایل جی ملاقات

بڈگام سے تعلق رکھنے والے ایک وفد نے سابق وزیر اور پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے صدر حکیم محمد یاسین کی قیادت میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

ملاقات کے دوران وفد نے ضلع سے متعلق عوامی اہمیت کے حامل کئی مسائل جن میں توسہ میدان کے دوبارہ کھولنے، دودھ پتھری میں سیاحوں کے رات کے قیام اور ہمہامہ میں پینے کے پانی کامسئلہ ایل جی کی نوٹس میں لایا۔

اِدھر دی کشمیر کنکلیو کے بانی ایڈوکیٹ جہاں زیب علاقبند اور کشمیر اے آئی اینڈ کریئٹر سمٹ کے بانی میاں یاسین نے بھی لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

دریں اثناءماہر سماجیات اورمحقق ڈاکٹر سُہیل رسول میر نے ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے ایل جی کو جموں وکشمیر کے ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے اور فروغ دینے کیلئے کئے جارہے اقدامات سے آگاہ کیا۔

بھارت اور انڈونیشیا نے ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے ایسے چلینجوں سے بین الاقوامی قوانین کے تحت نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا ہے۔

امرتھ جی یاترا

جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج
9ہزار837شردھالوو

---

ں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔ قافلے میں6ہزار 684مرد اور 2ہزار730خواتین کے علاوہ کئی بچے اور ۂ سادھو بھی شامل ہیں۔

ان میں سے کئی یاتری پہلگام جبکہ دیگر کچھ سونہ مرگ کے راستے، یاترا کرکے شری امرناتھ جی گپھا پر حاضری دیں گے۔

کنہیا کمار

اس دوران اُترپردیش سے تعلق رکھنے والاکنہیا کمار نامی ایک 20سالہ یاتری 9ماہ کا سفر طے کرنے کے بعد وادی پہنچ گیا ہے۔

ہمارے نمائندے خورشید پڑرو نے خبر دی ہے کہ مذکورہ نوجوان نے گذشتہ سال اکتوبر کے مہینے میں رولر سکیٹس پر اپنی یاترا شروع کی اور 14ریاستوں سے گذر کرکل رات قاضی گنڈ پہنچ گیا۔کنہیا کمار شری امرناتھ جی گپھا کی طرف روانہ ہوا ہے۔

ایڈوائزری

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا کہ حکومت عوامی اہمیت کے حامل منصوبوں کی بروقت تکمیل، بہتر شہری سہولیات کی فراہمی اور لوگوں کے معیار حیات میں تبدیلی لانے کی وعدہ بند ہے۔ وہ کل راجوری میں نوشہرہ کے پی ڈبلیو ڈی ڈاک بنگلہ میں 2کروڑ 49لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے کانفرنس ہال کا افتتاح کرنے کے موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ یہ جدید سہولت علاقے کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنائے گی۔اس سے قبل نائب وزیراعلیٰ نے نوشہرہ حلقے میں سڑکوں، پُلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچوں کے منصوبوں پر جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

کشمیر یونیورسٹ

پارلیمانی امور کی مرکزی وزارت کے اہتمام سے نئی دلی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران سال 2024-25 کے نیشنل یوتھ پارلیمنٹ مقابلے میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والی یونیورسٹیوں اور کالجوں کو اعزازات سے نوازا گیا۔

اس مقابلے میںکشمیر یونیورسٹی کی ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔یونیورسٹی کی ٹیم کو قانون وانصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے یہ اعزاز عطا کیا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سال 2021میں درج کئے گئے ایک معاملے کے تعلق سے اُس وقت کے پٹواری لیاقت علی خان جو کہ اس وقت نائب تحصیلدار کے عہدے پر تعینات ہے، کے خلاف جوڈیشل مجسٹریٹ کپواره کی عدالت میں فرد جرم عاید کیاہے۔

لیاقت علی خان پر کپواره ضلع کے حلقہ ہائیہامہ میں ریونیو ریکارڈس میں پھیر بدل کرنے کا الزام ہے۔

کرکٹ

مردوں کے کرکٹ میچ میں بھارت اور انگلینڈ میں جاری ٹی 20انٹرنیشنل کرکٹ کے سیریز میں تیسرے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 125رنز سے ہرایا۔

انگلینڈ نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کے سامنے 202رنز کا ہدف رکھا تاہم بھارت کی بھاری 11اُوَرس اور 4گیندوں میں 76رنز کے اسکور پر سمٹ گئی۔

واضح رہے کہ5میچوں کی اس سیریز میں انگلینڈ نے 2صفر کی سبقت حاصل کی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔